# DAR UL ILM MODEL HIGH SCHOOL HAROONABAD (REGD)

## SYLLABUS CLASS EIGHT 1ST TERM 2026-27

| SUBJECT | SYLLABUS |
|---|---|
| ENGLISH | Unit # 1,2,3 |
| Eng. Grammar | Essay: Hazrat Muhammad (P.B.U.H) , Tolerance<br>Letter: 1,2<br>Story: A foolish stag<br>Defines : kinds of verb, Gerund , infinitive<br>Tense : present indefinite, continuous tense |
| Math | Unit#Domain1(Sub domain 1,2, 3 ,4) |
| A.I | Unit # 01, 02, 03 |
| Science | Unit # 1,3,8 |
| Urdu | سبق نمبر : 1 تا 5 (تمام اسباق کے قواعد) |
| Urdu. grammer | مضمون: حضرت محمد ﷺ بحیثیت معلم، استاد کا مقام<br>خط: ۱ تا ۲ ، کہانی: ۱،۲ |
| Islamiyat | باب دوم مکمل ،ناظرہ: سورۃ اللیل، صفحہ نمبر (6,5) |
| Al - Quran | سورۃ المریم، سورۃ الشعراء، سورۃ النمل |

Conversational sentences:

| | |
|---|---|
| May I ask another question?<br>کیا میں ایک اور سوال پوچھ سکتا ہوں؟ | I am still working on it.<br>میں ابھی اس پر کام کر رہا ہوں۔ |
| Could you please speak more slowly?<br>کیا آپ براہِ کرم آہستہ بول سکتے ہیں؟ | I will try my best.<br>میں اپنی پوری کوشش کروں گا۔ |
| Could you please explain this again?<br>کیا آپ براہِ کرم یہ دوبارہ سمجھا سکتے ہیں؟ | I need help with this question.<br>مجھے اس سوال میں مدد چاہیے۔ |
| What should we do next?<br>ہمیں اب کیا کرنا چاہیے ؟۔ | Please give me one more example.<br>براہِ کرم ایک اور مثال دے دیں۔ |
| I didn't understand this part.<br>مجھے اس حصے کی سمجھ نہیں آئی۔ | I think this answer is correct.<br>میرا خیال ہے یہ جواب درست ہے۔ |

## SPEECH:

محترم اساتذہ کرام، معزز مہمانانِ گرامی اور میرے عزیز دوستو!

آج مجھے جس موضوع پر اظہارِ خیال کرنے کا موقع ملا ہے وہ ہے 23 مارچ – یومِ پاکستان یہ دن ہماری قومی تاریخ کا سنگِ میل ہے۔ 23 مارچ 1940 کو برصغیر کے مسلمانوں نے ایک ایسے وطن کے قیام کا عزم کیا جہاں وہ آزادی، خودداری اور اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزار سکیں۔ یہ عظیم اجتماع لاہور کے تاریخی میدان میں منعقد ہوا، جہاں ایک نئی صبح کی بنیاد رکھی گئی۔

اس دن یہ پیغام دیا گیا کہ مسلمان ایک الگ قوم ہیں، یہی ان کا نظریۂ حیات ہے۔ یہ دن ہمیں اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کا درس دیتا ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن رہے تو ہمیں دیانت داری، محنت اور قانون کی پاسداری کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔ ایک باشعور اور ذمہ دار قوم ہی اپنے وطن کو مضبوط بنا سکتی ہے۔

آج ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم اختلافات کو پس پشت ڈال کر ملکی مفاد کو ترجیح دیں گے۔ ہم تعلیم حاصل کرکے، اچھے اخلاق اپنا کر اور مثبت کردار ادا کرکے پاکستان کا نام روشن کریں گے۔ کیونکہ قوموں کی ترقی صرف حکومتوں سے نہیں بلکہ ہر فرد کے کردار سے وابستہ ہوتی ہے۔

آخر میں، آیئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے وطن کو امن، استحکام اور خوشحالی عطا فرمائے اور ہمیں ایسا شہری بنائے جو اس کی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔

پاکستان زندہ باد!

## نظم: پیوستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ

ڈالي گئي جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ ممکن نہیں ہري ہو سحاب بہار سے
ہے لازوال عہد خزاں اس کے واسطے کچھ واسطہ نہیں ہے اسے برگ وبار سے
ہے تیرے گلستاں میں بھي فصل خزاں کا دور خالي ہے جیب گل زر کامل عیار سے
جو نغمہ زن تھے خلوت اوراق میں طیور رخصت ہوئے ترے شجر سایہ دار سے
شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے
!ملت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ پیوستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ